09/02/2025

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سید مبشر رُفاعی سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر

ہیڈ لائنز

*.......وزیر اعظم نریندر مودی مصنوعی ذہانت، تجارت اور اسٹریٹجک تعلقات پر اعلیٰ سطحی مذاکرات کےلئے فرانس اور امریکہ کے دورے پر کل ہونگے روانہ۔

*........ چھتیس گڈھ میں حفاظتی عملے کے ساتھ تصادم میں31 ماؤ نواز ہلاک//2حفاظتی اہلکاروں کی جانیں تلف۔

*.......جدید بھارت کے خواب کو پورا کرنے اور نوجوانوں کو با اختیار بنانے کے تئیں کام کرنے کی لوگوں کو لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی تاکید۔

اور

*........ جمونو کشمیر میں سڑک حادثات پر قابو پانے اور انسانی جانوں کے نقصان کو رُوکنے کےلئے حکومتی سطح پر اقدامات جاری۔

دورہPM

وزیر اعظم نریندر مو دی کل سے فرانس اور امریکہ کے دورے پر روانہ ہونگے جس کا مقصد ان دونوں ملکوں کے ساتھ ، سٹریٹجک، اقتصادی اور ٹیکنالوجی پر مبنی ساجھیداری کو مستحکم کرنا ہے ۔ و زیراعظم کا پہلا دورہ کل فرانس سے شروع ہو گا جہاں وہ پیرس میں مصنوعی ذہانت یعنی آٹیفیشل انٹلی جنس سے متعلق ایکشن سمٹ2025 میں شرکت کرنے کے علاوہ کلیدی باہمی مذاکرات میں حصہ لیں گے۔وہ مارسلی میں بھارت کے نئے کونسلیٹ جنرل کا بھی افتتاح کریں گے۔

فرانس میں اپنی مصروفیات کے بعد وزیر اعظم نریندر مودی12فروری کو امریکہ کے دو روزہ دورے پر روانہ ہونگے۔ اس دورے کے دوران تجارت، سٹریٹجک شراکت داری اور ٹیکنالوجی پر مبنی ساجھیداری پر خاص توجہ مرکوز رہے گی۔

## پریکشا پہ چرچا

وزیر اعظم نریندر مو دی کی طرف سے شروع کر دہ” پریکشا پہ چرچا“ کا کَل آٹھواں پروگرام منعقد ہو گا۔ یہ پروگرام نئی دلی کے بھارت منڈپم میں ہو گا۔ اس پروگرام کےلئے تمام ریاستوں اور مرکز کے انتظام والے علاقوں سے36طلباءکا انتخاب کیا گیا ہے، جو براہ راست وزیر اعظم سے بات چیت کریں گے۔

## وزارت اطلاعات

اس بیچ مرکزی وزارت اطلاعات و نشریات نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ پچھلے کئی سالوں سے پریکشا پہ چرچا سے ایک ایسا موقع فراہم ہوا ہے جس سے امتحانات سے جڑے تناؤ کو مثبت توانائی میں بدلنے میں مدد ملی ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ قابل عمل حل تلاش کر کے وزیر اعظم نریندر مو دی نے پالیسی اور پریکٹس کے بیچ خلیج کو پُر کیا ہے اور طلباءکو دباؤ میں ترقی کے منازل طے کرنے کےلئے با اختیار بنایا ہے۔ اس میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ پریکشا پہ چرچا ہر سال یہ پیغام دیتا ہے کہ امتحانات اختتام نہیں بلکہ ایک شروعات ہے۔

## چھتیس گڈھ

چھتیس گڈھ میں حفاظتی دستوں کے ساتھ جا ری تصادم میں31 ماؤ نواز ما رے گئے ہیں۔ فائرنگ کے تبادلے میں سکیورٹی عملے کے دو افراد کی جانیں بھی تلف ہو گئی اور دیگر 2زخمی ہوئے ہیں۔

بیجا پور ضلع کے نیشنل پارک کے جنگلوں میں آج صبح سے یہ تصادم جا ری ہے اور رُک رُک کر گولی باری ہو رہی ہے۔ یہ تصادم علاقے میں ماؤ نوازوں ایک بڑی تعداد کے موجود ہونے کے بارے میں ملی خفیہ اطلاع کے بعد شروع کی گئی تلاشی کاروائی کے دوران پیش آیا۔ علاقے میں مزید کمک بھیج دی گئی ہے اور وہاں تلاشی کی کاروائی جا ری ہے۔

## LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ جدید بھارت کے خواب کو پورا کرنے، ملک کے مالا مال کلچر کو بڑھاوا دینے، تعلیم میں اصلاحات کےلئے جد و جہد کرنے اور نوجوانوں کو بااختیار بنانے کےلئے کام کریں۔ آج آگرہ میں آل انڈیا گالو پوروا تیاگی برہمن مہا سبھا کے قومی کنونشن سے خطاب کر تے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ نوجوان ہماری وراثت کی ایک عظیم دولت اور طاقت ہیں اور انہیں اقتصادی ترقی اور سماجی بدلاؤ میں اپنا رول ادا کرنا چاہئے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ وہ چاہتے ہیں کہ نوجوان پچھڑے طبقوں کے لوگوں کی زندگیوں میں بہتری لانے کے علاوہ بھائی چارے اور میل میلاپ کے اصولوں کی بنیاد کو مضبوط کرنے کےلئے لگن سے کام کریں۔

**NC**

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے سونمرگ مارکیٹ میں آگ کی ہولناک واردات میں املاک کو پہنچے زبردست نقصان پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے آگ متاثرین کے ساتھ ہمدردی ظاہر کی ہے اور ضلع انتظامیہ گاندربل اور مال محکمے کے حکام سے تاکید کی ہے کہ وہ فوری طور پر متاثرین کی باز آبادی کاری کرنے کے علاوہ انہیں مالی امداد فراہم کریں تاکہ اُن کی روز مرہ کی زندگی بحال ہو سکے۔

پارٹی کے نائب صدر اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی اس واردات پر گہرے صدمے کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ اُن کا دفتر ضلع انتظامیہ کے ساتھ برابر رابطے میں ہیں تاکہ ضرورت مندوں تک ہر طرح کی مدد پہنچانے کو یقینی بنایا جاسکے۔ یہ خبر پہلے ہی دی جا چکی ہے کہ سونمرگ بازار میں کل آگ کی ایک واردات میں کئی ہوٹل اور دُکانیں جل کر خاکستر ہو گئی تھیں۔

**کنگنMLA**

اولڈ مارکیٹ سونمرگ میں کل کی تباہ کن آگ کی واردات، جس میں کئی دکانوں کو زبردست نقصان پہنچا ہے، کے بعد کنگن میاں مہر علی نے صوبائی کمشنر وی کے بدھوری اور MLA ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور کے ہمراہ صورتحال کا جائزہ لینے اور متاثرہ دکانداروں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرنے کےلئے آج اثر زدہ جگہ کا دورہ کیا۔

انہوں نے شاپ کیپر س ایسو سی ایشن سونمرگ کے عہدیداروں کے ساتھ بات چیت کر تے ہوئے انہیں یوٹی انتظامیہ کی طرف سے ہر ممکن مدد کا یقین دلایا ۔ بعد میں ایسو سی ایشن کے نمائندوں کے ساتھ ایک میٹنگ کا بھی انعقاد کیا گیا جس کا مقصد متاثرہ تاجروں کے خدشات کو دور کرنا تھا۔

**علی ساگر**

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے کہا ہے کہ انکی پارٹی پہلے سے ہی اقلیتوں کے تحفظ اور اُن کے حقوق کی پاسبان جماعت رہی ہے اور یہ آئندہ بھی اقلیتی طبقوں کو تحفظ فراہم کر تی رہے گی۔ وہ آج پارٹی لیڈروں اور کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ ساگر نے کہا کہ نیشنل کانفرنس ہی وہ پارٹی ہے جس نے اپنی عوامی نمائندہ سرکاروں کے دوران ہر وقت جمونو کشمیر اور لداخ سے تعلق رکھنے والی اقلیتوں کو نمائندگی دی ہے۔

**انٹرو**

جمونو کشمیر میں بڑھتے سڑک حادثات پر قابو پانے اور قیمتی جانوں کے زیاں کو روکنے کےلئے حکومتی سطح پر کئی اقدامات کئے جارہے ہیں۔ ان میں انٹیلی جینٹ ٹریفک منیجنٹ سسٹم متعارف کرنا، ایمر جنسی کے دوران بہتر رد عمل ظاہر کرنا اور ٹریفک نظامت میں جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لانا شامل ہے۔

ایک رپورٹ کے ساتھ آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر۔

-------Report-------

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پر بھی سماعت کر سکتے DTH خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن اے آئی آر اور ہیں۔

نشہ

ملکی سطح پر سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے انفرادی و اجتماعی سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے انتظامیہ، پولیس، نارکوٹکس بیورو اور دیگر عمل آوری ایجنسیوں کی طرف سے ٹھوس اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔ اس حوالے سے جب ہم نے وادی کے ایک معروف قلمکار اور کالم نویس شاہد شبیر کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا

گرفتاری

اس دوران سماج سے منشیات کی لعنت کا خاتمہ کرنے کی اپنی کوششیں جا ری رکھتے ہوئے سرینگر پولیس نے آج 2 منشیات فروشوں کو گرفتار کیا اور انکے قبضے سے ممنوعہ اشیاءبر آمد کی۔ ایک پولیس پریس بیان میں یہ جانکاری دیتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ یہ کاروائی پولیس سٹیشن نشاط کی ایک ٹیم نے پہلو برین علاقے میں انجام دی اور اس میں برین کے ندیم قادر چوپان اور احمد بدری کو گرفتار کیا گیا ۔

طبی کیمپ

ادھر2 غیر سرکاری تنظیموں جی آر بیگ میموریل فاؤنڈیشن اور جے کے ویلفیر سو سائٹی کے باہمی اشتراک سے آج نہامہ پلوامہ میں ایک مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس کیمپ کے دوران سینکڑوں مریضوں کا علاج و معالجہ کیا گیا اور اُن میں مفت دوائیاں تقسیم کی گئیں۔

طبی کیمپ میں موجود نوجوانوں کو منشیات کے مضر اثرات اور اس سے دور رہنے کے بارے میں بھی جانکاری دی گئی۔

## تپ دق

ملک میں100دنوں پر مشتمل تپ دق مخالف مہم شدو مد سے جا ری ہے۔ جمونو کشمیر میں بھی اس بیماری کے مریض آگے آکر اپنا علاج و معالجہ کروا رہے ہیں۔ صحت یاب ہوئے ایک مریض کے تاثرات۔

## دلی صورتحال

دلی کی وزیر اعلیٰ آتشی نے اسمبلی انتخابات میں عام آدمی پارٹی کی کراری شکست کے بعد آج صبح لیفٹنٹ گورنر وی کے سکسینہ کو اپنا استعفیٰ سونپا ہے البتہ آتشی کالکاجی سے دوبارہ کامیاب ہو گئی ہیں۔ اسی دوران دلی کے لیفٹنٹ گورنر نے قومی راجدھانی دلی میں ساتویں قانون ساز اسمبلی کو 8 فروری سے تحلیل کر دیا ہے۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ بی جے پی نے دلی اسمبلی انتخابات میں شاندار جیت حاصل کرتے ہوئے27 سال کے بعد اقتدار میں واپس آئی ہے۔ اُس نے کل دلی اسمبلی چناؤ میں حکمراں عام آدمی پارٹی کو شکست دی۔ بی جے پی نے70رکنی دلی اسمبلی کی 48سیٹیں جیتی ہیں اور وہ قومی راجدھانی میں نئی سرکار تشکیل دینے کےلئے تیار ہے۔ دوسری طرف عام آدمی پارٹی کو 22سیٹیں ملی ہیں جبکہ کانگریس ایک بھی سیٹ جیتنے میں کامیاب نہیں ہو پائی ہے۔

## مہا کنبھ

ان دنوں یو پی کے شہر پریاگ راج میں مہا کنبھ میلہ خوش اسلوبی سے جاری ہے یہ میلہ 26فروری تک جاری رہے گا اور اب تک کروڑوں شردھالوؤں نے تروینی سنگم پر امرت اسنان کیا ہے ۔

دریں اثناءصدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل پریاگ راج میں مہا کنبھ کا دورہ کریں گی۔ وہ تروینی سنگم پر پوتر اسنان کریں گی۔ صدر جمہوریہ پریاگ راج میں اکشے وٹ اور بڑے ہنومان مندر پر بھی حاضری دیں گی ۔

## وزارت دفاع

وزارت دفاع نے بھارت الیکٹرونکس لمیٹیڈ کے ساتھ ایک سمجھوتے پر دستخط کئے ہیں۔ یہ سمجھوتہ ساحلی گشت کے کام آنے والے11نئی طرز کے جدید ترین بحری جہازوں اور کیڈٹس کی تربیت کے تین بحری جہازوں کےلئے28ای او این۔ اکیاون نظام کی سرکاری خرید کی غرض سے کیا گیا ہے۔

## موسم

محکمہ موسمیات کی اطلاع کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران مطلع جزوی طور ابر آلود رہنے کے ساتھ کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا برفباری کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 16 اعشاریہ6ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت صفراعشاریہ8ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 24اعشاریہ2ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت7اعشاریہ7ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر21منٹ پراور

غروب آفتاب شام6بجکر10منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

.......................................................